**ابھی اپنی کورونا وائرس (COVID-19) ویکسین کی اپوائنٹمنٹ بک کروائیں**

ہوسکتا ہے کہ حال ہی میں آپ کو ایک خط موصول ہوا ہو جس میں یہ بتایا گیا ہو کہ آپ اپنی مفت کی این ایچ ایس کورونا وائرس ویکسینیشن کے مستحق ہیں۔

اس خط میں اس امر کے بارے میں تفصیلات فراہم کی گئی ہیں کہ آپ اپنی ویکسینیشن اپوائنٹمنٹ کیسے اور کب بک کرسکتے ہیں۔

ہم نے ذیل میں ان افراد کے گروپس کے بارے میں معلومات درج کی ہیں جن کی اس وقت ویکسینیشن حاصل کرنے کے مستحق ہونے کی شناخت کی گئی ہے۔

آپ کے لیئے اپنی ویکسینیشن اپوائنٹمنٹ کی بکنگ کرنے کے مختلف طریقے ہیں اور یہ اس بات پر منحصر ہے کہ آپ کا شمار کس گروپ میں ہوتا ہے۔ برائے کرم اُس مخصوص حصے میں دی گئی ہدایت کی پیروی کریں جو آپ پر لاگو ہوتا ہے۔

## 65 اور اس سے زیادہ عمر کے رہائشی

### بکنگ کیسے کریں

اپوئنٹمنٹ بُک کرنے کا سادہ ترین طریقہ آن لائین یعنی انٹرنیٹ کے ذریعے ہے جو اس پتہ سے کیا جا سکتا ہے: https://www.swiftqueue.co.uk/nottinghamc19vpatient.php متبادل کے طور پر آپ بکنگ لائن سے 4640 883 0115 پر سوموار سے اتوار صبح 9 بجے سے شام 6 بجے کے درمیان رابطہ کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کو آن لائن بکنگ کے لئے مدد کی ضرورت ہو تو، برائے کرم یہ خط کسی اور کو دکھائیں، مثال کے طور پر ایک رشتہ دار جو اس کے ساتھ آپ کی مدد کر سکیں۔

ویکسینیشن کے لیئے اپوائنٹمنٹ محدود ہیں۔ اگر آپ اپنی پہلی کوشش پر اپوئنٹمنٹ بک نہیں کرسکتے ہیں تو، برائے کرم مذکورہ بالا لنک کے ذریعے رسائی حاصل کرنے کی کوشش کرتے رہیں۔

## گھر میں محدود رہائشی

### بکنگ کیسے کریں

اگر آپ کو ہمارے جی پی ریکارڈز کے مطابق گھر ہی میں محدود ایک شخص سمجھا جاتا ہے تو، آپ کو ایک خط موصول ہوا ہو گا جس میں آپ کو یہ بتایا گیا ہو گا کہ آپ کوویڈ -19 کی ویکسین کے مستحق ہیں۔

'رووِنگ ٹیم' یا آپ کے جی پی آپ کی رہائش کی جگہ میں آپ کے لیئے اپوائنٹمنٹ بنانے کا بندوبست کرنے کے لئے آپ سے رابطہ کریں گے۔

اگر آپ ویکسینیشن کے کسی مرکز تک جانے کے اہل ہیں تو ٹرانسپورٹ کا ایک خصوصی شعبہ آپ کو ویکسینیشن سائٹ یعنی مرکز تک جانے اور واپس لانے کے لیئے مدد اور ٹرانسپورٹ مہیا کرسکتا ہے۔ یہ سروس اب دستیاب ہے۔

اگر آپ گھر میں محدود ہیں اور آپ کو خط موصول نہیں ہوا ہے تو برائے کرم 4640 883 0115 پر بُکنگ لائن کو کال کریں۔

## طبی لحاظ سے انتہائی خطرات سے دوچار رہائشی

### بکنگ کیسے کریں

Urdu

اپوئنٹمنٹ بُک کرنے کا سادہ ترین طریقہ آن لائین یعنی انٹرنیٹ کے ذریعے ہے جو اس پتہ سے کیا جا سکتا ہے: https://www.swiftqueue.co.uk/nottinghamc19v-clinv.php متبادل کے طور پر آپ بکنگ لائن سے 0115 883 4640 پر سوموار سے اتوار صبح 9 بجے سے شام 6 بجے کے درمیان رابطہ کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کو آن لائن بکنگ کے لئے مدد کی ضرورت ہو تو، برائے کرم یہ خط کسی اور کو دکھائیں، مثال کے طور پر ایک رشتہ دار کو جو اس کے ساتھ آپ کی مدد کر سکیں۔

ہمارے تمام مقامات کوویڈ -19 کے حوالے سے محفوظ طرز عمل کے مطابق کام کرتے ہیں۔

آپ کو اپنے اپوائنٹمنٹ کے دعوت نامے یا اپنا بچاو کرنے والا خط (شیلڈنگ لیٹر) لانے کی ضرورت ہوگی جو اس بات کا ثبوت ہے کہ آپ ویکسینیشن کے مستحق ہیں۔

آپ کو نیشنل بکنگ سروس یا اپنے جی پی پریکٹس کے ذریعے بکنگ کرنے کے لئے دعوت نامہ بھی مل سکتا ہے۔ اگر آپ نے کسی دوسرے دعوت نامے کے ذریعے اپنی اپوائنٹمنٹ بک کروائی ہے تو آپ کو دوبارہ بکنگ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**کورونا وائرس ویکسین کے بارے میں**

کورونا وائرس ویکسین آپ کے لئے مفت ہے۔ آپ کو کبھی بھی کسی کی طرف سے آپ کے ویکسین وصول کرنے کے لئے ادائیگی کرنے کو نہیں کہا جائے گا۔

وائرس سے بہتر ترین تحفظ حاصل کرنے کے لیئے آپ کو ویکسین کی دو خوراکیں درکار ہیں۔ جب آپ اپنی پہلی اپوائنٹمنٹ بک کروائیں گے تو آپ کو آپ کی دوسری خوراک کے لئے بھی اپوائنٹمنٹ دی جائے گی۔

کچھ لوگ اس وقت یہ ویکسین نہیں لے سکتے ہیں۔ اگر آپ کو ماضی میں کسی قسم کا منفی رد عمل یعنی الرجی کا سامنا کرنا پڑا ہو تو یہ ضروری ہے کہ آپ رہنمائی کی تمام ہدایات کو پڑھیں۔ مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کیجیے www.nhs.uk/covid-vaccination

**اپنی بک شدہ اپوائنٹمنٹ میں شرکت کرنا**

اگر آپ کے پاس ویکسینیشن کے مرکز تک جانے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے تو برائے کرم 0115 883 4640 پر کال کریں اور ہم آپ کے لئے اس کا بندوبست کرسکتے ہیں۔

جب آپ اپنی اپوائنٹمنٹ بک کرلیتے ہیں تو یہ ضروری ہے کہ آپ کو مطلوبہ وقت سے 10 منٹ سے زیادہ پہلے نہیں جانا چاہئے کیونکہ اندرونی انتظار گاہ کی جگہیں محدود ہوتی ہیں۔

اگر آپ کو ویکسینیشن کے وقت مدد کے لیئے کسی کو ساتھ لانے کی ضرورت ہو تو برائے کرم صرف ایک شخص کو ساتھ لائیں۔ بڑے تھیلے یا ذاتی سامان ساتھ لانے سے گریز کریں۔

آپ کو نیشنل بکنگ سروس کے ذریعے بکنگ کے لئے دعوت نامہ بھی مل سکتا ہے۔ اگر آپ نے مذکورہ بالا لنک یا نمبر کے ذریعے اپنی اپوائنٹمنٹ بک کروائی ہے تو آپ کو دوبارہ بکنگ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

آپ کے مخلص،

نوٹنگھم شائر کوویڈ -19 ویکسینیشن پروگرام

Urdu

کوویڈ -19 ویکسینیشن پروگرام کے بارے میں عام سوالات کے لیئے برائے کرم
enquiries@nottscc.gov.uk پر ای میل کریں یا 80 80 500 0300 پر کال کریں۔

اس معلومات کا مختلف زبانوں اور صورتوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ ترجمہ شدہ ورژن کی ایک نقل کے لئے برائے کرم ملاحظہ کریں: https://nottsccg.nhs.uk/covid-19/covid-19-vaccination-in-nottingham-and-nottinghamshire
ہم ان معلومات کو پرنٹ کر کے آپ کو بھیجنے کا انتظام بھی کرسکتے ہیں۔

اگر آپ جو زبان بولتے یا پڑھتے ہیں وہ دستیاب نہیں ہے تو برائے کرم ہم سےاس پتہ پر ای میل کرکے رابطہ کریں: nnccg.team.engagement@nhs.net یا اس نمبر پرکال یا ٹیکسٹ کریں: 07385 360071
اگر آپ پیغام بھیجتے ہیں یا چھوڑتے ہیں تو برائے کرم اپنی رابطے کی تفصیلات فراہم کریں اور ٹیم کے ایک فرد آپ سے رابطہ کریں گے۔ برائے کرم نوٹ کریں کہ یہ موبائل نمبر صرف دوسری زبانوں یا صورتوں میں معلومات کی درخواست کرنے کے لئے ہے۔